

# بچہ مزدور



## سبق - 20

(واؤ معروف)



SCERT TELANGANA



### سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں بچوں سے گفتگو کی جائے۔

1۔ تصویر میں بچہ کیا کر رہا ہے؟

2۔ بچوں کو مزدوری کرنا چاہیے یا پڑھنا؟ کیوں؟

3۔ اگر آپ اس بچے کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

4۔ تعلیم حاصل کرنا کیوں ضروری ہے؟

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم سناتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

ایک بچے کا پیارا روپ　　سَنولاتی ہے جس کو دھوپ
چہرے پر ہے دھول بہت　　لیکن وہ مشغول بہت
کام پہ وہ مجبور بہت　　اور تھکن سے چور بہت
علم سے کوسوں دور ہے وہ　　غربت سے مجبور ہے وہ
بے علمی اک لعنت ہے　　سب سے بڑی یہ غربت ہے
بات کو مت دو طول بہت　　ملک میں ہیں اسکول بہت
جب علمی بچپن ہوگا
مستقبل روشن ہوگا


۔ رؤف خیرؔ

(ج) بچوں کو یہ نظم ترنم و اداکاری کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں اور اس کے بارے میں چند سوالات کریں۔




## پڑھیے


(الف) ذیل کے الفاظ تصویروں کی مدد سے پڑھوائیں۔


سورج


پھول


جوتا


سوئی


مولی


کاجو


کبوتر


SCERT TELANGANA

(ب) ذیل کے الفاظ روانی کے ساتھ پڑھوایئے اور واؤ معروف کی آواز سے واقف کروایئے۔


نوٗر　حوٗر　طوٗر　خوٗن　صوٗرت　جوٗن


دوٗری　نوٗری　دھوٗپ　کاجوٗ　سوٗئی


(ج) طلبا سے کہیں کہ تصویریں دیکھیں، جملے کہیں، اور واؤ معروف والے الفاظ پر دائرہ 'O' کا نشان لگائیں۔

★ پیر میں  ہیں۔ (　　)

★ ٹوکری میں  ہیں۔ (　　)

★  دوڑ رہا ہے۔ (　　)

★  تیز ہوتی ہے۔ (　　)

★  کچّی کھائی جاتی ہے۔ (　　)

★ یہ رنگ برنگی  ہیں۔ (　　)

(د) دیئے گئے الفاظ روانی سے پڑھوایئے۔

پھول　کبوتر　مزدور　مجبور　دور

دھول　چور　نور　خوب　چوہا

SCERT TELANGANA

(ھ) دیے گئے جملے پڑھوائیے۔ واؤ معروف والے الفاظ پر دائرہ 'O' کا نشان لگوائیے۔

- ◈ انگور میٹھے ہیں۔
- ◈ میرے جوتے اچھے ہیں۔
- ◈ یہ گلاب کا پھول ہے۔
- ◈ وہ مزدور ہے۔
- ◈ میرا گھر دور ہے۔
- ◈ سورج غروب ہو رہا ہے۔

(و) دو دو طلبا کی جوڑی بنائیے۔ ذیل کے جملے پڑھوائیے ایک طالب علم سوال کرے، دوسرا جواب دے۔

| |
|---|
| روہی، صوفیہ بازار گئے |
| روہی نے پھول خریدے |
| اور صوفیہ نے چوڑیاں |

◈ بازار کون گئے؟

______________

◈ روہی نے کیا خریدا؟

______________


◈ صوفیہ نے کیا خریدا؟

______________

◈ پھول کس نے خریدے؟

______________

(ز) جوڑ بنائیں، پڑھائیں، اور لکھائیں۔





مثال: انگور

______________

______________

______________




مثال: بھوری

______________

______________


______________

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) ان تصویروں کے نام لکھوائیے۔





___________ ___________ ___________





___________ ___________ ___________

(ب) ذیل کے الفاظ میں واو معروف کی نشاندہی کرکے ان پر دائرہ 'O' کا نشان لگوائیے۔

کبوتر چور چوہا موٹا انگور بول

گول پھول مزدور نوٹ روگ جوتا

(ج) خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کروائیے۔

جھولا پھول چوڑیاں پوریاں

1۔ گلاب کا ___________ بہت خوبصورت ہے۔

2۔ لڑکی جھولا ___________ رہی ہے۔

3۔ امی جان ___________ تل رہی ہیں۔

4۔ صوفیہ نے لال ___________ خریدے۔

SCERT TELANGANA

(د) دیے گئے جملوں کو پڑھوایئے اور ''واو معروف'' والے الفاظ کے نیچے طلبا سے لکیر کھچوایئے۔

- برے لوگوں سے دور رہو۔
- میرے جوتے اچھے ہیں۔
- منّی کی صورت اچھی ہے۔
- انگور میٹھے ہیں۔
- وہ میری پھوپی ہے۔
- سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے۔

(ھ) جدول میں دیے گئے حروف جوڑ کر الفاظ بنوایئے۔

مثال : مولی


| | | | |
|---|---|---|---|
| رو | تا | س | نی |
| لی | مو | ہی | ور |
| جو | ئی | رت | سو |
| صو | دی | حو | م |

- ..................
- ..................
- ..................
- ..................
- ..................
- ..................
- ..................
- ..................



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ: تصویر دیکھیے، اُتاریئے، رنگ بھریئے اور نام لکھیے۔



SCERT TELANGANA